© rasailojaraid.com

## اداریہ

مجلہ تحقیق کا یہ شمارہ کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ کی سابقہ علمی و تحقیقی روایت کا نمایندہ ہے اور عربی ، فارسی اور اردو زبانوں میں علمی و تحقیقی موضوعات پر مشتمل ہے - پروفیسر عبدالغنی مرزایف کا مقالہ اور دوشنبہ (تاجیکستان) سے عبدالحیی فرحت کی نظم شامل ہونے سے مجلہ کی بین الاقوامی حیثیت بھی نمایاں ہے -

اس مجلہ میں ضمیمہ کے طور پر کلیہ علوم اسلامیہ و شرقیہ میں ایسے منظورشدہ تحقیقی مقالات کے موضوعات ، ان کے مصنفین اور نگران اساتذہ کی فہرست بھی پیش کی گئی ہے جن پر پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے پی - ایچ - ڈی کی ڈگریاں دی گئی ہیں - یہ فہرست عربی ، فارسی ، اردو ، علوم اسلامی اور پنجابی زبان و ادب سے دلچسپی رکھنے والے محققین کے لیے ماخذ کا کام دے گی تاکہ مستقبل میں تحقیقی مقالات لکھنے والے اپنے متقدمین کے تحقیقی کام کو مدنظر رکھیں -

مدیر

© rasailojaraid.com